بخدمت جناب الیکشن کمیشن آف پاکستان

محمد اجمل ولد محمد اکبر ساکن ہموں گھکھڑ تحصیل و ضلع سیالکوٹ

بنام

1۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان

2۔ عوام الناس

اعتراضات Representation-20-21 الیکشن کمیشن ایکٹ 2017 رول 12
الیکشن رول 2017 بابت حلقہ PP43 و PP-41 تحصیل و ضلع سیالکوٹ

جناب عالیٰ!

سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

1۔ یہ کہ سائل شماریات بلاک کوڈ نمبر 178051403 سلسلہ نمبر 409 انتخابی حلقہ ہموں گھکھڑ تحصیل و ضلع سیالکوٹ سابق PP-121 و موجودہ PP-41 کا رجسٹرڈ ووٹر ہے۔ اور Representation of people act اعتراضات ہذا دائر کرنے کا اہل ہے۔

2۔ یہ کہ تحصیل سیالکوٹ کے حلقہ PP-41 و PP-43 کی حالیہ حلقہ بندیاں De Limitation کرتے

ہموں گھکھڑ نمبر 1 جس کی آبادی 3,567 نفوس پر مشتمل ہے جو کہ اپنے شمال میں پٹوار سرکل ڈھلے والی و مشرق
چڈیالہ و جانب جنوب کوٹلی لوہاراں ٹاؤن کمیٹی اولڈ جبکہ جانب مغرب دونہریں مرالہ راوی لنک اور BRB واقع
ہیں۔ اس طرح پٹوار سرکل ہموں گھکھڑ نمبر 1 گلف کی صورت میں حلقہ PP-43 کے اندر تک گھسی ہوئی ہے۔
جس کا کسی طرح کا بھی زمینی رابطہ PP-41 سے نہ ہے۔ جو کہ De limitation کے Critaria کے
مطابق کسی طرح بھی PP-41 کا حصہ نہ بنتی ہے۔ جو کہ Site Plan بھی لف ہذا ہے۔ جس کی گراؤنڈ
پوزیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے آبادی کی سہولت کے لیے PP-43 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔

3۔ یہ کہ مذکور پٹوار سرکل ہموں گھکھڑ نمبر 1 کو PP-41 سے PP-43 میں شامل کیے جانے پر دونوں حلقہ ہائے
کی آبادی بھی De Limitation میں طے کیے گئے فارمولے سے تجاوز نہ کرتی ہے۔

4۔ یہ کہ پٹوار سرکل ہموں گھکھڑ نمبر 1 یونین کونسل شہنی اور یونین کونسل مچھرالہ میں واقع ہے۔ اور یہ دونوں یونین
کونسل ہائے PP-43 میں شامل ہیں۔

5۔ یہ کہ زیر اعتراض پٹوار سرکل کے تاریخی پس منظر کو سامنے رکھا جائے۔ تو متذکرہ پٹوار سابق حلقہ PP-121 کا
حصہ رہی ہے۔ جسے بادی النظر میں PP-43 میں ہی شامل کیا جانا اشد ضروری ہے۔

6۔ یہ کہ مجوزہ حلقہ بندی نمبر PP-41 بالخصوص زیر تجویز پٹوار سرکل اس لحاظ سے بھی موزوں نہ ہے۔ کہ اگر مستقبل
میں بنیادی سہولیات تعلیم سپورٹس اور دیگر منصوبہ جات عمل میں لائے جاتے ہیں۔ تو اس صورت میں سائل کے
زیر تجویز علاقہ جات یکساں مفاد حاصل نہ کر سکیں گے۔ کیونکہ موجودہ حلقہ بندی کسی طرح بھی
Geograhphically Compact Areas پر مشتمل نہ ہے۔ پٹوار سرکل مذکور کی عوام کی تمام
Physical Features, Administrative Units,Exsiting سہولیات

7۔ یہ کہ سائل کے موقف کی تائید کے لیے فاضل الیکشن کمیشن آف پاکستان ہر قسم کی انکوائری عمل میں لائے اور گواہان کو طلب کر کے شہادت قلمبند کرے۔ اور حلقہ کے تاریخی پس منظر اور تجویز علاقہ جات عمل میں لائے سائل کو کوئی عذر اعتراض نہ ہوگا۔ کیونکہ سائل کا موقف بر موقع بمطابق حقائق و مقامی ذرائع آمدورفت اور عوام کی سہولت اور مفاد کے پیش نظر درست اور صحیح طور پر بیان کیا گیا ہے۔

8۔ یہ کہ پٹوار سرکل ہموں گھکھڑ نمبر 1 مندرجہ بالا بیان کردہ حقائق کی روشنی میں PP-41 سے نکال کر PP-43 میں شامل کیا جانا عین قرین انصاف ہے۔

9۔ یہ کہ زیر تجویز پٹوار سرکل ہموں گھکھڑ نمبر 1 کے تمام مواضیات کے افراد کے بطور نمائندگان بیان حلفی ہائے 12 عدد Objection Petition ہذا کے ساتھ لف کیے گئے ہیں۔ جن کو بطور گواہ بوقت شہادت پیش کر دیا جائیگا

بحالات بالا استدعا ہے کہ Objection Petition ہذا کو منظور فرما کر ابتدائی حلقہ بندی نمبر PP-43 میں ترمیم کرتے ہوئے پٹوار سرکل ہموں گھکھڑ نمبر 1 کو حلقہ PP-41 سے خذف کر کے پٹوار سرکل مذکور کی عوام کے ذرائع آمدوفت قدرتی فطری اور جغرافیائی حدود کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے PP-43 میں شامل کیا جائے۔ اور از سر نو نقشہ جات و فہرست حلقہ بندی مرتب فرمائی جائے۔ بیان حلفی لف ہذا ہے۔

02-04-2018

عرضے

محمد اجمل ولد محمد اکبر ساکن ہموں گھکھڑ تحصیل و ضلع سیالکوٹ

بذریعہ کونسل: